DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس
منگل 17 جمادی الثانی 1444ھ 10 جنوری 2023ء

تولیہ ساز صنعتیں برآمدی پیداوار بڑھانے کی استعداد سے قاصر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹاول سیکٹر کے برآمدکنندگان سیلز ٹیکس ریفنڈز نہ ہونے سے 15 فیصد ورکنگ کیپٹل سے محروم ہوگئے ہیں جس تولیہ ساز صنعتیں اپنی برآمدی پیداوار بڑھانے کی استعداد سے بھی قاصر ہوگئی ہیں۔ ٹاولز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے سینٹرل چیئرمین طاہر جہانگیر نے کہا ہے کہ ایف بی آر نے دوبارہ برآمدکنندگان کے سیلز ٹیکس ریفنڈز کو گھسیٹنا شروع کردیا ہے۔ نومبر کے ریفنڈ واؤچرز کی عدم ادائیگی کے نتیجے میں برآمدکنندگان اپنے ماہانہ ٹرن اوور کے تقریباً 15 فیصد تک اپنے ورکنگ کیپیٹل سے محروم ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ایف بی آر جب جب اپنے ٹیکس وصولی کے اہداف کو پورا نہیں کرپاتا ہے تو وہ برآمدکنندگان کے سیلز ٹیکس ریفنڈز روک کر اپنے ریونیو اعدادوشمار کو بہتر کرتا ہے لیکن ایف بی آر کا یہ عمل بہت رجعت پسند ہے۔